**24/06/2025**

**09.25 AM(5 min)**

**آداب**

**یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔**

**اب آپ  اعجازہ اختر سے خبریں سُنئے**

**لیفٹنٹ گورنر**

**لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے کہاہے کہ کارخانہ داری اور اس میں بہتری کے ذریعے جموں کشمیر انتظامیہ روزگار پیدا کرنے اور خود روزگار پر سنجیدہ توجہ دے رہی ہے ۔ کلسٹر یونیورسٹی جموں میں 2025 کے ایک بڑے روزگار میلے سے خطاب کرتے ہوئے منوج سنہا نے کہا کہ جموں کشمیر میں صنعتوں کو راغب کرنے کے لئے 2021 سے کی گئی ان کی کوششوں نے نوجوانوں کو براہِ راست روزگار فراہم کرنے والوں کے ساتھ جوڑ دیا ہے ۔ لیفٹنٹ گورنر نے کہاہے کہ کلسٹر یونیورسٹی جموں کا یہ روزگار میلہ تعلیم اور روزگار کے بیچ خلاءکو پاٹتے ہوئے ہمارے نوجوانوں کو اپنے ہنر دکھانے کا پلیٹ فارم فراہم کرے گا ، تاکہ وہ وکست جموں کشمیر اور وکست بھارت کے نظریے کو عملی جامہ پہنانے میں اپنا حصہ ادا کر سکیں ۔**

**-------**

**نائب وزیراعلیٰ**

**نائب وزیراعلیٰ سرندر کمار چودھری نے سول سیکریٹریٹ سرینگر میں افسروں کی ایک میٹنگ کے دوران مشن یووا کی پیش رفت کا جائزہ لیا ۔ انہوں نے خواہشمند کارخانہ داروں کو قرضوں اور مالی مدد تک رسائی دلانے کے لئے جموں کشمیر بنک کے ساتھ ساتھ دوسرے بڑے بنکوں کو بھی اس کام میں شامل کرنے کی ضرورت اجا گر کی ۔ نائب وزیراعلیٰ نے انٹرپرنیورشپ کو زیادہ فعال اور دلچسپ بنانے کے لئے مشن یووا کی سکیموں کے تحت مالی معاونت اور ترغیبات بڑھانے پر زور دیا ۔**

**سکینہ ایتو**

**علاقے میں ایک آیوش ہیلتھ اینڈ ویلنیس  Chandail تعلیم کی وزیر سکینہ ایتو نے گلمرگ حلقے اور کنڈر گارٹن سکول کرالہ ویٹھ میں اضافی  Chichilora سینٹر کے علاوہ گورنمنٹ مڈل سکول**

اقامتی سہولت کا افتتاح کیا ۔ انہوں نے گورنمنٹ ہائر سیکنڈری سکول کُنزر میں دسویں اور بارہویں جماعت میں نمایاں کار کردگی دکھانے والے طالب علموں کی حوصولہ افزائی بھی کی ۔ اس موقعہ پر سکولوں میں اساتذہ کے تناسب کو صحیح کرنے کے بارے میں انہوں نے کہا ۔

------

چیف سیکریٹری

چیف سیکریٹری اٹل ڈلو نے مکانات اور شہری ترقی کی ایک اہم میٹنگ میں جموں کشمیر کے شہری علاقوں میں لوگوں کی زندگیاں بدلنے والی محکمے کی سکیموں کی پیش رفت کا جائزہ لیا ۔ جموں کشمیر ہاوسنگ بورڈ کی زیر قیادت پردھان منتری آواس یوجنا شہری کے سبھی کاموں کی بر وقت تکمیل کے لئے انہوں نے لگن اور تندہی کے ساتھ کام کرنے کی ہدایت دی ۔ میٹنگ میں محکمے کی کمشنر سیکریٹری مندیپ کور نے محکمے کی کارگزاری کا تفصیلی خاکہ پیش کیا ۔ چیف سیکریٹری نے شہری غریبوں کا معیارِ حیات بڑھانے کے سرکار کے عزم کا اعادہ کیا ۔

بیوہ خواتین

سماج میں بیوہ خواتین کو مختلف طرح کے جن مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے ان ہی کی چارہ جوئی اور عوام میں بیداری پیدا کرنے کے لئے اقوام متحدہ کی طرف سے ہر سال کی طرح کل 23 جون کو بیوہ خواتین کا عالمی دن منایاگیا۔ اس دن کی اہمیت کے بارے میں آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کرتے ہوئے کلسٹر یونیورسٹی سرینگر کی ڈین سٹوڈنٹس ویلفیئر اور امر سنگھ کالج کے شعبہ سماجیات کی سربراہ ڈاکٹر شبنم آرا نے بتایا کہ یہ دن بیوہ خواتین کی آوازوں اور ان کے تجربات کی طرف توجہ مبذول کرانے کے مقصد سے منایا جاتا ہے ۔

------

ڈپٹی کمشنر بڈگام

ڈپٹی کمشنر بڈگام ڈاکٹر بلال محی الدین بٹ کی صدارت میں ضلع سطح کے نارکو کوآرڈنیشن سینٹر کی 36 ویں میٹنگ منعقد ہوئیں جس دوران منشیات کی لعنت سے نمٹنے کے اقدامات کا تفصیلی جائزہ لیا گیا ۔ انہوں نے منشیات کی سماجی برائی پر قابو پانے کے لئے ضلع کے ہاٹ سپاٹس میں جانکاری پروگراموں کے انعقاد پر زور دیا ۔

تعطیل

محکمہ اعلیٰ تعلیم نے وادی کے تمام کالجوں میںآج یعنی 24 جون سے تین جولائی تک دس روزہ گرمائی تعطیل کا اعلان کیا ہے ۔غور طلب ہے کہ کشمیر وادی اور جموں کے وِنٹر زون میں

بارہویں جماعت تک کے سبھی سرکاری و غیر سرکاری سکولوں میں گرمائی تعطیل کا آغاز کل یعنی 23 جون سے ہی ہو گیا جو سات جولائی تک جاری رہیں گی ۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خبروں کا اگلا بلیٹن دن میں بارہ بج کر تیس منٹ پر اردو میں نشر ہو گا ۔

ہمیں دیجئے اجازت

خدا حافظ